10-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علم الصرف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "منہاج الصرف" اس زبان میں ہے:

(الف) عربی　(ب) فارسی　(ج) اردو　(د) سرائیکی

2۔ زمانہ و معنیٰ کے اعتبار سے فعل کی اقسام ہیں:

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

3۔ لفظ کا لغوی معنیٰ ہے:

(الف) پھینکنا　(ب) بولنا　(ج) خاموش ہونا　(د) رکھنا

4۔ ماضی کی اقسام ہیں:

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 6　(د) 8

5۔ حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کی تعداد کے اعتبار سے کلمہ کی اقسام ہیں:

(الف) 4　(ب) 5　(ج) 6　(د) 7

6۔ دو حروف کا اضافہ کرنے سے ثلاثی مزید فیہ کا باب بنتا ہے:

(الف) استفعال　(ب) افتعال　(ج) افعیلال　(د) افعوال

7۔ مہموز کی اقسام ہیں:

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

8۔ درج ذیل میں سے ہمزہ قطعی ہے:

(الف) امر کا ہمزہ　(ب) الف لام کا ہمزہ　(ج) باب افعال کا ہمزہ　(د) کوئی بھی نہیں

9۔ اگر کلمہ کے شروع میں دو "واؤ" متحرک ہو جائیں تو پہلے واؤ کو الف سے بدلنا ہے:

(الف) جائز　(ب) واجب　(ج) مکروہ　(د) نہیں بدلتے

10۔ حروف جوازم کی تعداد ہے:

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 5　(د) 6

ورق الٹئے

11۔ اسم کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

12۔ ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

13۔ درج ذیل میں سے رباعی کا باب ہے:

(الف) صَرَّفَ (ب) اِجْتَنَبَ (ج) نَصَرَ (د) دَحْرَجَ

14۔ ماضی مطلق کے شروع میں لفظ "لعلما" لگانے سے بنتا ہے:

(الف) ماضی استمراری (ب) ماضی قریب (ج) ماضی بعید (د) ماضی احتمالی

15۔ اگر حروف اصلیہ کے مقابلہ میں دو حروف علت ہوں تو اس کو کہتے ہیں:

(الف) مضاعف (ب) مضاف (ج) لفیف (د) مہموز

16۔ "مبیع" اصل میں تھا:

(الف) مبوع (ب) مبیوع (ج) مبییع (د) مباع

17۔ حرف علت کو بدلنے کو کہتے ہیں:

(الف) اعلام (ب) ادغام (ج) تخفیف (د) مد

18۔ ملحق بر باعی مجرد کے ابواب ہیں:

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

19۔ "کَانَ یَجْتَنِبُ" صیغہ ہے:

(الف) امر حاضر (ب) ماضی استمراری (ج) مضارع (د) نفی تاکید مستقبل

20۔ "أُنْصُرْ" صیغہ ہے:

(الف) امر حاضر (ب) ماضی استمراری (ج) مضارع (د) نفی تاکید مستقبل

10-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علم الصرف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حروف جوازم تحریر کریں۔

2۔ غیر ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔

3۔ مضارع سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

4۔ ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔

5۔ رباعی کے ابواب کے صرف نام لکھیں۔

6۔ اقسام حروف کے اعتبار سے فعل کی اقسام کے صرف نام لکھیں۔

7۔ امر حاضر مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔

8۔ ماضی بعید کی تعریف اور بنانے کا طریقہ لکھیں۔

9۔ ماضی کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

10۔ اسم جامد کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

11۔ نفی جحد بلم جازمہ معروف بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔

12۔ غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا طریقہ لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ اسم تفضیل مؤنث بنانے کا طریقہ مع گردان لکھیں۔

2۔ اسم آلہ بنانے کا طریقہ مع گردان لکھیں۔

3۔ حروف کی اقسام کے صرف نام لکھیں۔

4۔ صفت مشبہ کی تعریف لکھیں۔

5۔ لفظ "اَنْ" مضارع میں کتنی طرح کا عمل کرتا ہے؟ تحریر کریں۔

6۔ شش اقسام سے کیا مراد ہے؟ صرف نام لکھیں۔

7۔ معتل اور اس کی اقسام تعریف کریں۔

8۔ ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے کل ابواب کتنے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

9۔ جمع قلت کے اوزان تحریر کریں۔

10۔ مضاعف کی تعریف اور اقسام مع امثلہ لکھیں۔

11۔ "اَلنَّصْرُ" مصدر سے اسم مفعول کی گردان لکھیں۔

12۔ "اَلضَّرْبُ" مصدر سے اسم فاعل کی اٹھارہ صیغوں والی گردان لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض غایت تحریر کریں۔ نیز اسم کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریفات مع امثلہ تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. فعل ماضی کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تمام کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔

iii. "اَلْفَتْحُ" مصدر سے ماضی استمراری مثبت معروف کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ثلاثی مجرد کے کل ابواب کتنے ہیں؟ سب کے نام لکھ کر کسی ایک سے صرف صغیر تحریر کریں۔

ii. اسمائے مشتقات کتنے اور کون کونسے ہیں؟ نیز اسم ظرف کے بنانے کا طریقہ اور گردان لکھیں۔

iii. اجوف سے کیا مراد ہے؟ اس کے کوئی سے دو قوانین لکھنے کے بعد "اَلْبَیْعُ" مصدر سے صرف صغیر تحریر کریں۔